سوال

ناخنوں کو دانتوں سے چبانا

جواب

سوال : السلام علیکم کیا ناخن دانت سے چبانے پر کوئی وعید آئی ہے ۔ جیسا کہ ناخن چبانے سے مفلسی یا افلاسی میں بتلاء ہوجانا وغیرہ اللہ حافظ

جواب : ہمارے علم میں کوئی ایسی وعید نہیں ہے لیکن ناخن چبانا ایک ایسی عادت ضرور ہے جو عرف ورواج میں بری سمجھی جاتی ہے لہذا اس سے پرہیز کرنا چاہیے ۔
علاوہ ازیں اگر ناخنوں میں میل کچیل ہو تو اس صورت میں ناخنوں کا چبانا صحت کے لیے مضر ہو گا لہذا اس سے اجتناب کرنا چاہیے ۔
انسان کے لیے عموما ایسی عادتوں سے نجات حاصل کرنا مشکل ضرور ہوتا ہے لیکن ناممکن نہیں ۔
مزید تفصیل کے لیے یہ عربی لنک ملاحظہ کریں ۔